سبق-5

# نیکی

ایک تھے میاں ''پمّی'' اور ایک تھیں اُن کی آپا۔ اپنی آپا کو میاں پمّی اپّی کہا کرتے تھے۔ ایک دن شام کو دونوں سَیر کے لیے نکلے۔ تھوڑی ہی دُور گئے ہوں گے کہ سڑک پر ایک بٹوا پڑا پایا۔ اُسے کھولا تو اس میں نکلا پچاس روپیے کا نوٹ۔ اب تو یہ دونوں بہت خوش ہوئے۔ پمّی بولے ''ہم تو گیند لیں گے۔ پمّی کی اپّی ابھی کچھ کہنے ہی والی تھیں کہ سامنے سے ایک لڑکا آتا دکھائی دیا۔ بے چارہ بہت پریشان،



© NCERT not to be republished

سَر جُھکائے جیسے کچھ ڈھونڈ رہا ہو۔ پاس آیا تو پمّی کی اپّی نے پوچھا ''تم کچھ پریشان ہو، خیر تو ہے؟'' وہ لڑکا بولا'' جی میں بہت غریب ہوں۔ میری امّی سِلائی کا کام کرتی ہیں۔ آج اُنھیں پچاس روپیے ملے تھے۔ میں لے کر بازار چلا کہ آٹا، دال اور مسالا لاؤں گا اور کل اپنے اسکول کی فیس داخل کروں گا۔ نہیں تو میرا نام کٹ جائے گا۔ لیکن شاید میری جیب پھٹی تھی۔ اس میں سے بٹوا کہیں گِر گیا۔
پمّی اور پمّی کی اپّی نے جھٹ سے کہا'' بھلا یہ تمھارا بٹوا تو نہیں ہے؟'' بٹوا دیکھ کر لڑکا اُچھل پڑا اور بولا'' ہاں ہاں یہی ہے میرا بٹوا۔'' کھول کر دیکھا تو نوٹ بھی مل گیا۔ وہ بہت خوش ہوا۔



پمّی اور ان کی اپّی گھر آئیں۔ سب کو آج کی سَیر کا حال سُنایا۔ اُن کے ابّا جی نے جو سنا تو بہت خوش ہوئے اور دونوں کو دس دس روپیے انعام دیے۔



## مشق



اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. میاں پمّی اپنی آپا کو کیا کہتے تھے؟
2. پمّی اور اپّی کو سڑک پر کیا پڑا ہوا ملا؟

3. لڑکا پریشان کیوں تھا؟

4. لڑکے کی امّی کیا کام کرتی تھیں؟

5. بٹوے میں کتنے روپیے تھے؟

6. ابّا جی نے کیوں انعام دیا؟

## خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔



حال　بٹوا　سَیر　انعام　سلائی　اُچھل

1. ایک دن شام کو دونوں ______ کے لیے نکلے۔

2. سڑک پر ایک ______ پڑا پایا۔

3. میری امّی ______ کا کام کرتی ہیں۔

4. بٹوا دیکھ کر لڑکا ______ پڑا۔

5. سب کو آج کی سَیر کا ______ سنایا۔

6. ابّا جی نے دونوں کو دس دس روپیے ______ دیے۔

© NCERT not to be republished



مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں میں 'یں' ملا کر لکھیے۔

| |
|---|
| مثال : سڑک = سڑکیں |

گیند = ________     جیب = ________

دال = ________     کتاب = ________



حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

| الف | ب |
|---|---|
| دور | بھائی |
| نیکی | امیر |
| صبح | پاس |
| لڑکا | بدی |
| بہن | شام |
| غریب | لڑکی |

© NCERT not to be republished



نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. فیس =
2. بٹوا =
3. گیند =
4. انعام =
5. مسالا =



حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

| الف | ب |
| --- | --- |
| بٹوا | سلائی مشین |
| کپڑا | ایمان داری |
| گیند | نوٹ |
| فیس | روٹی |
| نیکی | اسکول |
| آٹا | کھیل |

© NCERT not to be republished



## جملوں کے سامنے صحیح (✓) یا غلط (×) کا نشان لگائیے۔

1. اپنی آپا کو میاں پمّی امّی کہا کرتے تھے۔ (   )
2. ایک دن شام کو دونوں سَیر کے لیے نکلے۔ (   )
3. بٹوا کھول کر دیکھا تو اس میں نوٹ نہیں تھا۔ (   )
4. لڑکا بولا جی! میں بہت غریب ہوں۔میری امّی سلائی کا کام کرتی ہیں۔ (   )
5. ابّا جی نے سَیر کا حال سُنا تو بہت ناراض ہوئے۔ (   )

© NCERT not to be republished



## سوچیے اور بتائیے۔

1. کن کھیلوں میں گیند کا استعمال ہوتا ہے؟
2. پانچ اور دس روپیے کے نوٹوں کے عِلاوہ اور کون کون سے نوٹ ہوتے ہیں؟
3. سلائی مشین کے علاوہ آپ کے گھر میں اور کون کون سی مشینیں ہیں؟



## نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے۔









______ ______ ______ ______



## خوش خط لکھیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| بٹوا | | | | | |
| گیند | | | | | |
| ڈھونڈنا | | | | | |
| اُچھلنا | | | | | |
| انعام | | | | | |

© NCERT not to be republished